29/01/2026

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

وزیرا علیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں، پلوامہ اور بارہمولہ کے اضلاع جموں و کشمیر حکومت کی طرف سے عملائی جا رہی مختلف مالیاتی شمولیت اور سماجی تحفظ کے منصوبو ں میں اعلیٰ کارکردگی دِکھانے والے اَضلاع کے طو رپر اُبھرے ہیں جو مالی رسائی اور سماجی تحفظ کے
دائرہ

کار میں نمایاں ترقی کو ظاہر کرتے ہیںوزیر اعلیٰ نے ان اضلاع کواس کار کردگی کیلئے ۓ سراہا۔

حکومت کی ان اسکیموں کا مقصد مالی شمولیت کو فروغ دینا اور معاشرے کے کمزور اورپسماندہ طبقوں کو حادثاتی و زندگی بیمہ کے ساتھ ساتھ پنشن فوائد فراہم کرنا ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈولو نے جموں و کشمیر میں قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے مانسون سے قبل لازمی اقدامات اور ضلعی سطح پر مکمل مستعدی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پیشگی منصوبہ بندی، جدید ٹیکنالوجی پر مبنی ابتدائی انتباہی نظام اور محکموں کے درمیان
مو

ثر تال میل آفات کے خطرات کم کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ۓ

چیف سیکریٹری نے تمام اضلاع کو ہدایت دی کہ وہ اپنے ڈیزاسٹر مینجمنٹ منصوبوں کو فوری طور پر اپ ڈیٹ کریں اور سیلاب، برفانی تودوں اور دیگر موسمی خطرات کے پیش نظر بروقت اور مربوط کارروائی کو یقینی بنائیں۔

ہیلتھ کیئر

جموں کشمیر میں صحت اور معاون شعبونسے وابستہ پیشہ ور افراد اور اداروں کی رجسٹریشن کاعمل جلد شروع کیا جائے گا۔الائیڈ اینڈ ہیلتھ کیئر پروفیشنز کے نیشنل کمیشن نے آن لائن رجسٹریشن پورٹل کی تیاری مکمل کر لی ہے ۔متعلقہ پیشہ ور افراد کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ رجسٹریشن کیلئے اپنے ضروری دستاویزات تیار رکھیں۔ رجسٹریشن پورے ملک میں یکسان طور پر شروع کی جائے گی البتہ آغازکی تاریخ اور طریقہ کار بعد میں وضع کیا جائےگا۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی و پنچایتی راج محکمہ کے سکریٹری محمد اعجاز اسد نے کل جموں میں ہمایت ٹو پوائنٹ او پروگرام کے تحت جاری تربیتی منصوبوں کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ انہوں نے نوجوانوں کو ہنر مند بنانے اور روزگار سے جوڑنے پر زور دیا۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے لیے منظور شدہ منصوبوں کے تحت ہزاروں نوجوانوں کو تربیت دی جا رہی ہے، جن میں سے بڑی تعداد پہلے ہی شامل ہو چکی ہے۔

سیکریٹری نے بہتر کارکردگی دکھانے والی ایجنسیوں کی ستائش کی جبکہ ناقص کارکردگی پر سخت کارروائی کی وارننگ دی۔ انہوں نے کہا کہ ہمایت پروگرام نوجوانوں کے مستقبل کے لیے نہایت اہم ہے اور اس میں کسی قسم کی لاپروائی برداشت نہیں کی جائے گی۔

لیبر کمشنر

لیبر کمشنر جموں و کشمیر ایس چرن دیپ سنگھ نے کل جموں میں پردھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا کی پیش رفت کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ اس اسکیم کے تحت نجی اداروں کو نئے ملازمین رکھنے پر تین ہزار کی مالی مدد دی جا رہی ہے اور ہر نئے ملازم کو پندرہ ہزار روپے کی رقم فراہم کی جاتی ہے۔ حکام کے مطابق جموں اور سرینگر ڈویژن میں کئی ادارے اور ہزاروں ملازمین اس اسکیم میں شامل ہو چکے ہیں۔

لیبر کمشنر نے کم رجسٹریشن پر ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو فوری طور پر اندراج کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم سے جموں و کشمیر میں روزگار کے مواقع بڑھیں گے۔

بارہمولہ

سمپورنتا ابھیان 2.0کے آغاز کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا نے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں صحت، غذائیت، صفائی، تعلیم اور مویشیوں کی ویکسینیشن سے متعلق کلیدی اشاریوں پر شعبہ وار کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایت دی کہ 14 اپریل 2026 تک ہر اشاریے کی مکمل تکمیل یقینی بنائی جائے تاکہ ابھیان کے اثرات عوام کو زمینی سطح پر واضح اور عملی صورت میں نظر آجائیں۔

بڈگام

سب ڈویژنل مجسٹریٹ خانصاحب جہانگیر احمد گیری نے برفباری سے متاثرہ گرویٹھ اور لانیلب علاقوں کا دورہ کر کے ضروری خدمات کی بحالی کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے پینے کے پانی کی سپلائی کو پہنچنے والے نقصان کا معائنہ کیا۔

حکام کے مطابق جل شکتی محکمہ کے عملے نے فوری کارروائی کرتے ہوئے پانی کی سپلائی چند گھنٹوں میں بحال کر دی۔ ایس ڈی ایم نے لنیلاب کے ہیلتھ سب سنٹر کا بھی معائنہ کیا جہاں عملے کی غیر حاضری کا انہیں نے نوٹس لیا۔ انہوں نے عوامی سہولیات کی بروقت بحالی کے عزم کا اعادہ کیا۔

Winter

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ساتھ گرمی دینے والے آلات کا استعمال جاری ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظاس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....